سوال

مسجد میں اپیل کرنا یا سوال کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا مسجد میں لوگوں سے سوال کرنے یا اپیل کرنے کی اسلام اجازت دیتا ہے۔؟ اکثر دیکھا گیا ہے کہ نماز ختم ہوتے ہی کچھ افراد کھڑے ہو کر اپیل کرنا شروع کر دیتے ہیں، میں فلاں جگہ سے آیا ہوں۔ وغیرہ وغیرہ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کا کہنا ہے کہ سوال کرنا، چاہے مسجد میں ہو یا مسجد سے باہر، حرام ہے۔ لیکن اگر کوئی واقعتا ضرورت مند ہو اور مسجد میں سوال کرے اور حقیقت حال صحیح طور بیان کرے اور مسجد کے آداب کا بھی لحاظ کرے مثلا لوگوں کی گردنیں نہ پھلانگے، خطبہ جمعہ کے دوران سوال نہ کرے وغیرہ تو اس کے لیے یہ سوال جائز ہو گا۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ

فتویٰ کمیٹی